Please check the examination details below before entering your candidate information

| Candidate surname | Other names |
|---|---|
| | |

Centre Number | Candidate Number

# Pearson Edexcel Level 1/Level 2 GCSE (9–1)

## Monday 19 May 2025

Afternoon (Time: 50 minutes)

**Paper reference** **1UR0/3F**

# Urdu

## PAPER 3: Reading and understanding in Urdu

**Foundation Tier**

**You do not need any other materials.**

Total Marks

## Instructions

- Use **black** ink or ball-point pen.
- **Fill in the boxes** at the top of this page with your name, centre number and candidate number.
- Answer **all** questions in Sections A, B and C.
- Questions in Sections A and C are set in English.
- Questions in Section B are set in Urdu.
- Answer the questions in the spaces provided
  – *there may be more space than you need.*
- You must **not** use a dictionary.

## Information

- The total mark for this paper is 50.
- The marks for **each** question are shown in brackets
  – *use this as a guide as to how much time to spend on each question*
  – *you should spend approximately 10 minutes on the translation question.*

## Advice

- Read each question carefully before you start to answer it.
- Try to answer every question.
- Check your answers if you have time at the end.

*Turn over* ▶


©2025 Pearson Education Ltd.
Y:1/1/1/1/

P 7 9 4 2 3 A 0 1 1 6

Pearson

## SECTION A

**Answer ALL questions. Write your answers in the spaces provided.**

**Some questions must be answered with a cross in a box ☒. If you change your mind about an answer, put a line through the box ☒ and then mark your new answer with a cross ☒.**

**Best friend**

**1** Read the text messages each person has sent about their daily routine.

| | |
|---|---|
| احسن | میرا دوست میرے ساتھ والے گھر میں رہتا ہے اور ہم پیدل اسکول جاتے ہیں۔ |
| رباب | میری خالہ کی بیٹی میری اچھی دوست ہے اور ہم اکٹھے ٹی وی دیکھتے ہیں۔ |
| جمال | میرا دوست لاہور میں رہتا ہے جس کے ساتھ میں فون پر اردو میں باتیں کرتا ہوں۔ |
| شازیہ | میں روزانہ صبح جلدی اٹھتی ہوں اور اپنی دوست کے ساتھ پارک میں دوڑتی ہوں۔ |

What do they say about their daily routines? Enter either **Ahsan**, **Rubab**, **Jamal** or **Shazia**.

You can use each person more than once.

**Example**: Shazia wakes up early in the morning every day.

(a) __________________ has a friend who lives in Lahore. **(1)**

(b) __________________ and the friend are also neighbours. **(1)**

(c) __________________ and the friend watch tv together. **(1)**

(d) __________________ and the friend run in the park. **(1)**

(e) __________________ and the friend are also cousins. **(1)**

(f) __________________ and the friend walk to school. **(1)**

**(Total for Question 1 = 6 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA



P 7 9 4 2 3 A 0 2 1 6

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

## Eating out

**2** Read the advert below.

ہمارا نیا ریسٹورانٹ کراچی میں سمندر کے قریب کھل چکا ہے۔ ریسٹورانٹ دوپہر ایک بجے کھلتا
ہے اور رات گیارہ بجے بند ہوتا ہے۔ ہمارے ریسٹورانٹ میں بریانی اور پلاؤ کے علاوہ چاولوں
کی ہر قسم کی ڈش ملتی ہے۔ کم مرچ کھانے والوں کے لیے کئی قسم کے کھانے اور بچوں کے
لیے بہت سی میٹھی چیزیں ہیں۔

Complete the gap in each sentence using a word from the box below. There are more words than gaps.

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| salt | | sea | one | rice |
| wheat | sweet | chillies | meat | old |
| eight | | river | | ~~new~~ |

**Example**: The information is about a ____new____ restaurant.

(a) The restaurant is near the ______________________. **(1)**

(b) The restaurant opens at ______________________ o'clock. **(1)**

(c) The menu includes a variety of ______________________ dishes. **(1)**

(d) The restaurant also offers food with less ______________________. **(1)**

(e) The kids' menu has plenty of ______________________ items. **(1)**

**(Total for Question 2 = 5 marks)**

## Holidays

**3** (a) Read this blog about holidays.

میرا نام نادیہ ہے۔ ہم سب گھر والے ہر سال مختلف ملکوں کی سیر کرنے جاتے ہیں۔ اس
سال ہم چھٹیوں میں ترکی گئے۔ ہم ایک بہت بڑے ہوٹل میں ٹھہرے۔ ہمارے کمرے پانچویں
منزل پر تھے جہاں ایک جم اور ریسٹورانٹ بھی تھا۔ ہوٹل کے سامنے بڑے بڑے باغ تھے
جن میں خوبصورت پھول اور پودے لگے تھے۔

Answer the following questions **in English**. You do not need to write in full sentences.

(i) Where did Nadia go on holiday this year?

**(1)**

..............................................................................................................................

(ii) What did she say about the size of the hotel?

**(1)**

..............................................................................................................................

(iii) Where was the gym in the hotel?

**(1)**

..............................................................................................................................

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

**3** (b) The blog continues.

ہمارے ہوٹل کے قریب ایک میلہ لگا تھا جہاں مزیدار کھانوں کے علاوہ ہر طرح کے جھولے بھی تھے۔ میں جھولوں پر نہیں بیٹھی کیونکہ مجھے ان سے ڈر لگتا ہے۔ البتہ مجھے ریل گاڑی کی سواری کر کے بہت اچھا لگا۔

(i) Why did Nadia not sit on the rides?

**(1)**

..................................................................................................................................................

(ii) Which activity did she enjoy?

**(1)**

..................................................................................................................................................

**(Total for Question 3 = 5 marks)**

ابراہیم جلیس کے سفر نامے "بنگال میں اجنبی" سے اقتباس

**4** Read the extract taken from a travelogue 'Bengal mein Ajnabi' by Ibrahim Jalees.

> میں جہاز کی کھڑکی والی سیٹ پر بیٹھا تھا۔ میرے ساتھ ایک نوجوان شخص بیٹھا تھا۔ جہاز ایک گھنٹہ لیٹ تھا۔ جہاز اڑا تو تھکاوٹ کی وجہ سے نیند آ گئی اور میں کئی گھنٹے تک سوتا رہا۔ آنکھ کھلی تو میں نے ائر ہوسٹس سے پوچھا کہ کھانا کب ملے گا؟ وہ بولی "کھانا تو ختم ہو گیا ہے"۔ میرے ساتھ بیٹھا شخص مسکرایا اور اپنے بیگ سے آلو کے پراٹھے نکالے اور بولا "یہ آپ کھا لیں، میری امی نے ساتھ رکھ دیے تھے"۔ جہاز میں گرم چائے اور پراٹھے کھا کر مزہ آ گیا۔

Put a cross ☒ in the correct box.

**Example:** The author was sitting by the…

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** window. |
| ☐ | **B** aisle. |
| ☐ | **C** toilet. |
| ☐ | **D** kitchen. |

(i) The passenger sitting next to the author was…

**(1)**

| | |
|---|---|
| ☐ | **A** a child. |
| ☐ | **B** an elderly person. |
| ☐ | **C** a lady. |
| ☐ | **D** a young person. |

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

(ii) The plane was delayed by…

**(1)**

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** an hour. |
| ☒ | **B** thirty minutes. |
| ☒ | **C** two hours. |
| ☒ | **D** twenty minutes. |

(iii) What did the writer do soon after the take-off?

**(1)**

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** started talking |
| ☒ | **B** fell asleep |
| ☒ | **C** started reading |
| ☒ | **D** watched TV |

(iv) How did the passenger help the writer?

**(1)**

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** offered his glasses |
| ☒ | **B** offered to carry luggage |
| ☒ | **C** offered his food |
| ☒ | **D** offered his seat |

(v) The writer enjoyed drinking…

**(1)**

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** hot tea. |
| ☒ | **B** cold juice. |
| ☒ | **C** hot coffee. |
| ☒ | **D** cold water. |

**(Total for Question 4 = 5 marks)**

## Work

**5** Read Naila's blog about work.

میرا نام نائلہ ہے۔ اگلے سال جون میں میرے ماموں کی بیٹی کی شادی ہے۔ یہ شادی دبئی میں ہو گی کیونکہ لڑکا بھی وہیں کام کرتا ہے اور لڑکی والے بھی دبئی میں رہتے ہیں۔ شادی کی تقریب میں تقریباً دو سو مہمان شرکت کریں گے۔ شادی میں مشہور پاکستانی کھانے پیش کیے جائیں گے جس کے لیے باورچی پاکستان سے آئیں گے۔ ہم سب گھر والوں کا شادی سے تین ہفتے پہلے دبئی جانے کا ارادہ ہے تا کہ شادی کے کام میں ماموں اور ان کے خاندان والوں کی مدد کر سکیں۔

(a) Who is getting married in June next year?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(b) How many guests are expected at the wedding?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(c) Why is Naila's family planning to travel to Dubai three weeks early?

**(1)**

..............................................................................................................................................

**(Total for Question 5 = 3 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA



P 7 9 4 2 3 A 0 8 1 6

## بانو قدسیہ کی کتاب "امر بیل" سے اقتباس

**6** Read the extract below taken from the book "Amer-bail" by Bano Qudsiya.

امجد اسکول سے واپس آ کر بستر پر لیٹا ہوا تھا۔ آج وہ اسکول کے ساتھ چڑیا گھر کی سیر کو گیا تھا۔ واپسی کا سفر بہت لمبا اور تھکا دینے والا تھا۔ ساتھ والے کمرے سے گانوں کی آواز آ رہی تھی۔ سامنے باغ میں آم کے درخت تھے۔ ایک درخت کے نیچے بیٹھے بچے نانی جان سے کہانی سنانے کی ضد کر رہے تھے۔ امجد کو اچانک کچھ یاد آیا۔ وہ اٹھا اور بیگ سے کہانیوں کی کتاب نکالی جو اسے بہترین تصویر بنانے کا مقابلہ جیتنے پر ملی تھی۔ اس نے کتاب نانی جان کو دی اور بچوں کے ساتھ کہانی سننے بیٹھ گیا۔

Answer the following questions **in English**. You do not need to write in full sentences.

(a) Where did Amjad go on his school trip?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(b) Where was the sound of music coming from?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(c) What were the children asking from their grandmother?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(d) Which competition did Amjad take part in?

**(1)**

..............................................................................................................................................

**(Total for Question 6 = 4 marks)**

**TOTAL FOR SECTION A = 28 MARKS**

DO NOT WRITE IN THIS AREA

**SECTION B**

## اسکول کی سرگرمیاں

**7** قاسم نے اپنے اسکول کی سرگرمیوں کے بارے میں آپ کو ایک ای میل بھیجی ہے۔

اگلے پیر سے ہمارے اسکول میں کئی طرح کے مقابلے شروع ہو رہے ہیں۔ ان مقابلوں میں مختلف کھیلوں کے علاوہ مہندی اور کھانے پینے کے سٹال بھی لگائے جائیں گے۔ کرکٹ اور فٹ بال کے کھیلوں میں اساتذہ بھی حصہ لے سکیں گے، جبکہ باسکٹ بال، ہاکی اور دوڑ کے مقابلے صرف بچوں کے لیےہوں گے۔ کھانے کے وقفے کے بعد ایک موسیقی کا پروگرام ہو گا جس میں بچے گانے گائیں گے۔ تین بجے کے بعد آرٹ کے مقابلے ہوں گے جن میں صرف والدین حصہ لے سکتے ہیں۔

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

نیچے دیے گئے الفاظ میں سے صرف پانچ الفاظ کی مدد سے مندرجہ ذیل جملوں کو مکمل کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کھیل | ہاکی | ~~اسکول~~ | بچوں | والدین | پیر |
| اساتذہ | جمعرات | سب | گھر | فٹ بال | کھانے |

**مثال:** قاسم نے ای میل اپنے ........اسکول........ کے بارے میں بھیجی ہے۔

(a) اسکول میں مقابلے .................... کے دن سے شروع ہو رہے ہیں۔ **(1)**

(b) اساتذہ صرف کرکٹ اور .................... کے کھیلوں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ **(1)**

(c) دوڑنے کے مقابلے صرف .................... کے لیے ہونگے۔ **(1)**

(d) موسیقی کا پروگرام .................... کے وقفے کے بعد ہو گا۔ **(1)**

(e) آرٹ کا مقابلہ .................... کے درمیان ہو گا۔ **(1)**

**(Total for Question 7 = 5 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

# میرا کام

**8** عالیہ کے کام کے بارے میں درج ذیل عبارت پڑھیے۔

میں عالیہ ہوں اور میری عمر بیس سال ہے۔ میں ایک بہت بڑی بیکری میں کام کرتی ہوں۔ میں یہاں روزانہ چھ گھنٹے کام کرتی ہوں۔ میرے ساتھ کام کرنے والے زیادہ تر لوگ نوجوان طالب علم ہیں جو دن میں کالج جاتے ہیں اور شام کو بیکری میں کام کرتے ہیں۔ میں یہاں کام کرکے بہت خوش ہوں کیونکہ سب لوگ ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں۔ مجھے بیکری میں بسکٹ بنانا اچھا لگتا ہے لیکن کیک بنانا پسند نہیں کیونکہ اس میں بہت زیادہ وقت لگتا ہے۔

درست جواب پر ☒ کا نشان لگائیں۔

**مثال:** عالیہ کی عمر کتنی ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| ☒ | **A** | بیس سال |
| ☐ | **B** | پندرہ سال |
| ☐ | **C** | پچیس سال |
| ☐ | **D** | بائیس سال |

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA



P 7 9 4 2 3 A 0 1 2 1 6

(i) عالیہ ایک ۔۔۔ بیکری میں کام کرتی ہے؟ **(1)**

| | | |
|---|---|---|
| ☒ | **A** | چھوٹی |
| ☒ | **B** | بڑی |
| ☒ | **C** | پرانی |
| ☒ | **D** | نئی |

(ii) عالیہ روزانہ کتنے گھنٹے کام کرتی ہے؟ **(1)**

| | | |
|---|---|---|
| ☒ | **A** | چھ گھنٹے |
| ☒ | **B** | آٹھ گھنٹے |
| ☒ | **C** | دس گھنٹے |
| ☒ | **D** | چار گھنٹے |

(iii) عالیہ بیکری میں کام کر کے بہت ۔۔۔ ہے۔ **(1)**

| | | |
|---|---|---|
| ☒ | **A** | پریشان |
| ☒ | **B** | اداس |
| ☒ | **C** | ناراض |
| ☒ | **D** | خوش |

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

(iv) بیکری میں کام کرنے والے ایک دوسرے کی ـــ۔ کرتے ہیں۔

**(1)**

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** مدد |
| ☒ | **B** شکایت |
| ☒ | **C** مخالفت |
| ☒ | **D** تعریف |

(v) عالیہ کو ـــ۔ بنانے میں زیادہ وقت لگتا ہے۔

**(1)**

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** بسکٹ |
| ☒ | **B** ڈبل روٹی |
| ☒ | **C** کیک |
| ☒ | **D** نان |

**(Total for Question 8 = 5 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

## کام کے بارے میں

**9** ایک ویب سائٹ پر کچھ لوگوں نے کام کے بارے میں لکھا ہے۔

**رضیہ** میں ہفتے میں چھ دن کام کرتی ہوں اور ایک دن چھٹی۔ میرا معمول ایسا بن گیا ہے کہ اب زیادہ چھٹیاں ہوں تو مجھے اچھا نہیں لگتا۔

**صادق** میرے نزدیک کام ہماری ضرورت ہے۔ اس لیے کام جیسا بھی ہو، اگر پیسے اچھے ملیں تو پھر کام کرنے کا مزہ بھی آتا ہے۔

**علینا** میرے خیال میں کسی اور کے لیے کام کرنے میں فائدہ کم ہوتا ہے۔ اگر خود اپنا ذاتی کاروبار کیا جائے تو اپنی مرضی سے چھٹی کر سکتے ہیں۔

**فاروق** میں سمجھتا ہوں کہ گھر سے دور کام کرنے سے سفر میں کافی وقت ضائع ہو جاتا ہے۔ میں تو گھر سے آن لائن کام کرنا پسند کروں گا۔

کس نے کیا کہا ہے؟ **رضیہ**، **صادق**، **علینا** اور **فاروق** میں سے صحیح نام لکھ کر خالی جگہ پر کریں۔ آپ ایک نام ایک سے زیادہ مرتبہ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

**مثال:** رضیہ ...................... ہفتے میں چھ دن کام کرتی ہے۔

(a) ...................... کے خیال میں اپنا کاروبار کریں تو چھٹی لینا آسان ہے۔ **(1)**

(b) ...................... کو آن لائن کام کرنا اچھا لگتا ہے۔ **(1)**

(c) ...................... کے مطابق کام تب ہی اچھا لگتا ہے جب اچھے پیسے ملیں۔ **(1)**

(d) ...................... کو زیادہ چھٹیاں کرنا پسند نہیں۔ **(1)**

(e) ...................... کو لگتا ہے کہ نوکری میں زیادہ فائدہ نہیں ہوتا۔ **(1)**

**(Total for Question 9 = 5 marks)**

**TOTAL FOR SECTION B = 15 MARKS**

DO NOT WRITE IN THIS AREA

## SECTION C

### Translation

**10** Translate this passage **into English**.

میں اسلام آباد میں رہتا ہوں۔ مجھے پاکستانی کھانے پسند ہیں۔ ہمارے گھر میں کئی طرح کے کھانے بنتے ہیں۔ میری امی نے میری سالگرہ پر ایک کیک بنایا تھا۔ ہم ہر مہینے رشتے داروں کو کھانے پر بلاتے ہیں۔

**(Total for Question 10 = 7 marks)**

**TOTAL FOR SECTION C = 7 MARKS**
**TOTAL FOR PAPER = 50 MARKS**

**Source Information:**

https://www.rekhta.org/ebooks/bengal-mein-ajnabi-ibrahim-jalees-ebooks

https://www.rekhta.org/ebooks/amer-bail-bano-qudsiya-ebooks

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA